(مولانا اشرف علی تھانوی) پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی۔ ○ مبہمات القرآن میں ایک اہم خطی کتاب، ڈاکٹر احمد خان ○ برصغیر کی چند اہم تفاسیر۔ ایک تقابلی جائزہ، خورشید احمد ندیم۔

مسلمانوں کا رشتہ جب تک قرآنِ کریم سے مضبوط و مستحکم رہا وہ غالب رہے اور جب سے اس میں کمزوری واقع ہوئی ہے تب سے مسلمان ہر میدان میں مغلوب ہو رہے ہیں۔ قرآن کریم لازوال کتاب ہے۔ اس سے تعلق استوار کرنے والے مغلوب نہیں ہو سکتے اور نہ ہی انہیں زوال آسکتا ہے۔ اس دور زوال میں سب سے زیادہ جس کام کی ضرورت ہے وہ خدمتِ قرآنِ کریم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائیں۔ (آمین)

فکر و نظر کی حالیہ خصوصی اشاعت اسی فکر مندی اور خدمت قرآن کی ایک مضبوط کڑی ہے۔ مدیر فکر و نظر ڈاکٹر ساجد الرحمٰن صاحب اور شرکاءِ مجلس ادارت اس عظیم خدمت پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے (آمین)

ماہنامہ "نور علی نور" کراچی

ربیع الاوّل ۱۴۲۰ھ۔ جولائی ۱۹۹۹ء
اشاعت خاص بہ سلسلہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
مدیر: مولانا عبدالرشید انصاری
قیمت اشاعت خاص =/۲۰ روپے
مقام اشاعت: مسجد عائشہ صدیقہ سیکٹر 11.B نارتھ کراچی 75850

مولانا عبدالرشید انصاری کی زیر ادارت کراچی سے شائع ہونے والے معیاری ماہنامہ "نور علی نور" کی خاص اشاعت جو سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس موضوع پر مشتمل ہے۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ، مفکر احرار، چودھری افضل حقؒ، علامہ سید مناظر احسن گیلانیؒ، اقبال احمد صدیقی، شاہ مصباح الدین شکیل اور مولانا بدر عالمؒ کی محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں ڈوبی ہوئی تحریریں اور سید امین گیلانی، قاری محمد مسلم غازی، پروفیسر رحمن خاور، غلام مصطفیٰ قاسمی کی نعتیں اس شمارہ میں شامل ہیں قانون تحفظ ناموس رسالت کے حوالے سے مولانا عبدالرشید انصاری کا نہایت مدلل اداریہ حکومت کو اپنی غلط پالیسیوں کو ختم کرنے کی دعوت دیتا ہے۔

اسلام اور مرزائیت

تالیف: حضرت مولانا عتیق الرحمٰن آروی رحمہ اللہ

ایک اہم کتاب جو ایک عرصہ سے نایاب تھی اسلام اور مرزائیت کا تقابلی مطالعہ

صفحات: ۵۶، قیمت: ۲۰ روپے

بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان